Rampur State Gazette.

{EXTRAORDINARY.}

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۳۹	بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	جلد ۴۲

مطبوعہ روز جمعہ تاریخ ۵ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۹ھ مطابق ۲۹ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۸ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حضور عالیہ صاحبہ کے پاس جو موضع تھا اور جس میں سے جمع رقم روپیہ سالانہ وصول ہوتا تھا وہ تین سال سے نہیں ملا ہے لہذا ما بدولت واقبال بتقریب سعید جشن تاجپوشی منظور فرماتے ہیں کہ ہر سال کا کل روپیہ کل ہی حضور عالیہ صاحبہ کے پاس حسب تقاضہ بھیجدیا جائے اگر موضع مذکور کی رقم خزانہ میں جمع ہو تو خزانہ سرکاری سے رقم بھیجدی جائے۔ اور ہر سال اوسی قدر روپیہ اس موضع کی آمدنی سے (جو جمع رکہ سالانہ مقرر تھا) وقت معینہ پر حضور عالیہ صاحبہ کے پاس بھیجا جایا کرے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی معرفہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

سررشتہ صدر سے ایک نقل درج گزٹ ہونے کے لئے مطبع بھیجی جائے اور اصل کاغذ برائے تعمیل ریونیو صاحب صدر کی خدمت میں مرسل ہو۔ نیز ایک نقل صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ ۲۸ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۸ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بتقریب سعید جشن تاجپوشی۔ ما بدولت واقبال منظور فرماتے ہیں کہ بابت مہمانداری زنانہ مبلغ ایکہزار پانسو روپیہ ماہانہ

اور بابت لباس مبلغ پانسو روپیہ ماہانہ یعنی دو ہزار روپیہ ماہانہ ہر ہائینس کو ملا کرین۔ دو ہزار سابقہ اور دو ہزار یہ جملہ چار ہزار روپے ماہانہ ہر ہائینس کو آیندہ سے ملا کرینگے۔

۲۔ زنانہ کی مہانداری جو سرکار سے ہوتی تھی وہ مسدود کیجائے آیندہ سے مہانداری زنانہ سرکار سے نہ ہوگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی مصرحۂ بالا و اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بتقریب سعید جشن تاجپوشی مابدولت واقبال دارو غہ چھی بیگم اور دارو غہ گلن صاحبہ کی موجودہ تنخواہوں میں پچاس پچاس روپیہ ماہوار اضافہ ۲۰ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء سے منظور فرماتے ہیں

۲۔ دارو غہ گلن صاحبہ کو جو پچاس روپیہ ماہانہ نقدی خوراک ملتے تھے وہ بدستور جاری کئے جائیں۔

۳۔ دارو غہ چھی بیگم کے پاس مستاجری کا موضع جس طرح سے تھا اوسیطرح سے وہ موضع اب بھی انکو مستاجری میں دیدیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی مصرحۂ بالا و اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بتقریب سعید جشن تاجپوشی مابدولت واقبال انعام مشاہیریان وغیرہ کے لئے مبلغ ... عطا فرماتے

ہیں۔ یہ رقم کل ہی ہر ہائینس کے پاس حسب تفصیل مندرجہ ذیل بھیجدیجائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی مصرحۂ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

سررشتہ صدر سے ایک نقل درج گزٹ ہونے کے لئے مطبع میں بھیجی جائے اور اصل کاغذ برائے تعمیل دیوانصاحب صدر کیخدمت میں مرسل ہو۔

۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۶ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بتقریب سعید جشن تاجپوشی مابدولت واقبال بنظر مراحم خسروانہ وعنایات شاہانہ ابوالحسن خانساماں و وزیر حسن خانساماں منظور حسن خانساماں کا وہ کل مطالبہ مستاجری بغایت ... جسکی تعداد مجموعی تخمینا ... بلا شرکت غیری ہوتی ہے معاف فرماتے ہیں کاغذات سے اس مطالبہ کو خارج کیا جائے۔

اور موضع ڈھکا حاجی نگر پرگنہ حضور تحصیل بلاسپور سے تین ہزار چھ سو روپیہ سالانہ جمع پر بمدامی نذرانہ مستاجری میں عطا فرماتے ہیں تینوں خانساماں میں ہر خانساماں کی کیمسو روپیہ ماہانہ کی تخفیف بلاسپور سے ملیگی۔ عام طور سے جو مدت دیگر مواضعات مستاجری کی قائم ہوتی ہے وہ ہی مدت اس موضع کی مستاجری کی قائم کیجائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی مصرحہ بالا و اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۲۹ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط فارصاحب چیف منسٹر بہادر

(نوٹ) روبکار ہذا میں لفظ "جمع تشخیصی" سے بلاسپی مراد تھی۔ اور اس لفظ "جمع تشخیصی" کو اب قلمزد کر کے لفظ بلاسپی بنا دیا گیا ہے اسلئے اب دوبارہ صدر سے اجرائے احکام اور اندراج گزٹ مع اس نوٹ کے کیا جائے۔ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ فقط ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار اجلاس ہمایون بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۷ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بابو کریم اللہ دراٹسمین گس انجنیری کی موجودہ تنخواہ مین پچیس روپیہ اضافہ دیا جانا منظور ہے۔

لہذا حسب حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنابر تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس رسلہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔ فقط

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ کیجائے۔ ۲۷ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

صاحبزادی شہزادی بیگم صاحبہ کو مبلغ تین سو روپیہ ماہوار یکم اگست سنہ ۱۹۳۰ء سے بابت خوراک کے عطا کرتے ہین۔

لہذا حسب حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنابر تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس رسلہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشائے حکم بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو۔ ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقعہ ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکیم سید الیاس کی نقدی خوراک پچیس روپیہ ماہوار جاری کردیجائے اور بجائے حکیم عبدالرشید حکیم سید الیاس افسر دواخانہ مقرر ہون۔ کاغذ ہذا بغرض کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس رسلہو۔

حکم اجلاس جناب چیف منسٹر بہادر

حسب منشاء حکم ہمایون صدر رسد امروزہ اجرائے احکام حسب ضابطہ کیا جائے۔ اور ایک نقل درج گزٹ کرائی جائے تعمیلاً سررشتہ دار صاحب صدر کے پاس رسلہو۔

محررہ ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۷ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بتقریب سعید جشن تاجپوشی۔ داؤد خان گیدان کا پندرہ روپیہ ماہانہ اضافہ اور سید ناظم ملازم میز کا پندرہ روپیہ ماہانہ اضافہ ۶ ر اگست سے منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام واندراج گزٹ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس رسلہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو۔ ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بجائے ۲۷ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء داؤد خان گیدان کا پندرہ روپیہ ماہانہ اضافہ ہوا ہے صحیح نام گیدان مذکور کا "ایوب خان" ہے تصحیحی روبکار جاری کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام واندراج گزٹ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس رسلہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشائے حکم بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام تصحیحی جاری ہون اور درج گزٹ ہو۔ ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بتقریب سعید جشن تاجپوشی بدولت واقبال فرخندہ کی خانساماں منظور حسن تعدادی ایک ہزار دو سو روپیہ معاف فرماتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام و اندراج گزٹ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور بہ ۵ گزٹ ہو - ۳۰ راگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۲۸ راگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مثبتہ عرضی خواجہ ابو الحسن خانساماں توشہ خانہ بدرخواست تقرر امتیاز الحسن برادر حقیقی

حکم ہوا کہ

خواجہ امتیاز الحسن کا تقرر توشہ خانہ مین بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہانہ منظور ہے - کاغذ بغرض اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو - ۲۸ راگست سنہ ۱۹۳۰ء

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون - ۲۸ راگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۲۸ راگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مثبتہ عرضی محمد شاہ خان کاریگر قلعہ پر بدرخواست پرورش۔

حکم ہوا کہ

تین روپیہ ماہانہ عرضی گذار کی تنخواہ میں اضافہ منظور ہے کاغذ بغرض اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو - ۲۸ راگست سنہ ۱۹۳۰ء

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ۲۸ راگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر
واقع ۲۷ راگست سنہ ۱۹۳۰ء

مثبتہ تحریر صاحب کنٹرولر آف ہاؤس ہولڈ دربارہ تبادلہ محمد قادر خان نائب منصرم باورچیخانہ ہندوستانی بعہدہ داری در فیل خانہ بجائے مظفر علیخان محرر فیل خانہ و تبادلہ مظفر علیخان مذکور بجائے محمد قادر خان نائب منصرم باورچیخانہ ہندوستانی معہ تحریرہائے صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر و صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

حکم

حسب تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر باتفاق رائے صاحب ملٹری سکریٹری بہادر تبادلہ مظفر علیخان و قادر علیخان اپنی اپنی تنخواہوں پر منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا -